☆ میاں بیوی کے حقوق و فرائض' مفتی حافظ محمد حسام الدین شریفی۔ ناشر: مرکزی انجمن سہروردیہ' ایف ۱۳۷' سنٹرل ایونیو روڈ' ایس آئی ٹی ای' کراچی ۷۵۷۳۰۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ندارد۔ [ اسلام کا تصورِ عقد' خطبۂ نکاح' مہر' ولیمہ' وغیرہ اور ازدواجی زندگی کی اونچ نیچ اور فریقین کے حقوق و فرائض کا قرآن و سنت کی روشنی میں مختصر مگر جامع بیان۔]

☆ اسلامی طبی اخلاقیات' مصنف کا نام درج نہیں۔ ناشر: پیا پبلی کیشنز' لاہور۔ صفحات: ۹۶۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [طبی پیشے کے متعلقین (ڈاکٹروں' نرسوں اور دیگر معاون عملے) کے لیے قرآن و سنت کی روشنی میں ایک ضابطۂ اخلاق (خوش اخلاقی' بے لوثی' رازداری' سچی گواہی' غصّے سے پرہیز' مریض کی اخلاقی تربیت' وقت کی پابندی' حرام ادویہ سے پرہیز وغیرہ)' اپنے موضوع پر ایک جامع' عمدہ اور بہت اچھی کتاب۔ تعجب ہے کہ مصنف کا نام ندارد۔]

☆ شرح شمائل ترمذی' دوم۔ مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی' جامع ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ' صوبہ سرحد۔ صفحات: ۵۸۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [ شمائل ترمذی کی تفصیلی درسی شرح پہلی جلد (تعارف: ترجمان القرآن' اپریل ۲۰۰۳ء) کے بعد اب جلد دوم آئی ہے۔ متنِ حدیث مع اسناد' اعراب کا اہتمام' تعلیقات' راویانِ حدیث کے مختصر تذکرے' دوسری کتبِ حدیث سے استفادہ' اسلوب سادہ۔]

☆ امریکا کا زوال' محمد صالح مغل۔ پتا: نعمانی کتب خانہ' حق سٹریٹ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۲۹۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [مصنف کے خیال میں امریکا کے زوال کی ابتدا ہو چکی ہے' امریکا کے اقتصادی' فنی' جنگی نقصانات کی تفصیل' اُمت مسلمہ کو ملیامیٹ کرنے کا صہیونی منصوبہ۔ صلیبیوں کے اہداف اور مظالم وغیرہ۔]

☆ انسان اور شیطان' حافظ مبشر حسین لاہوری۔ ناشر: مبشر اکیڈمی لاہور۔ صفحات: ۲۴۷۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ [ قرآن و سنت کی روشنی میں شیطان کی حقیقت' اس کے وجود کے جواز' انسان سے اس کے تعلق' ابلیس اور عام شیطان کے تعلق کی وضاحت اور شیطان کی گمراہیوں سے بچاؤ کی تدابیر۔]

☆ یہود' انبیا کے قاتل اور انسانیت کے دشمن' یوسف عبدالرحمٰن۔ مترجم: راشد حامدی۔ ناشر: المنار پبلشرز' ۵۲/۱۵ بلند اپارٹمنٹ' بٹلا ہاؤس' جامعہ نگر' نئی دہلی ۲۵۔ صفحات: ۶۳۔ قیمت: درج نہیں۔ [ دنیا پر یہودیوں کے تسلط کے موضوع پر معلومات افزا کتابچہ۔ مصنف حکومتِ کویت کی ''عوامی کانفرنس برائے مزاحمتِ اسرائیل'' کے رکن ہیں۔ یہودی تاریخ اور اُمت مسلمہ کے خلاف ان کی ریشہ دوانیوں کا تذکرہ]۔

---

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)